# 07-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) ریاستی حکومت نے بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ کے خلاف فارمولہ ای ریس اسکام میں مقدمہ چلانے کے لئے گورنر جشنو دیو ورما سے اجازت طلب کی ہے۔

(۲) بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے کہا ہے کہ وہ جیل جانے کے لئے تیار ہیں۔

(۳) مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج اعلان کیا ہے کہ حکومت دہشت گردی اور دہشت گرد ایکو سسٹم سے مقابلہ کے لئے جلد ہی قومی انسدادِ دہشت گردی پالیسی اور حکمتِ عملی تیار کرے گی۔

اور

(۴) سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ سرکاری ملازمتوں پر تقررات کے لئے ریکروٹمنٹ کے قواعد وضوابط درمیان میں تبدیل نہیں کیا جاسکتے بشرطیکہ اس کی وضاحت پہلے سے کی گئی ہو۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ کے خلاف فارمولہ ای ریس اسکام میں مقدمہ چلانے کے لئے گورنر جشنو دیو ورما سے اجازت طلب کی ہے۔ اینٹی کرپشن بیورو لندن میں مقیم ریس کے منتظمین کو 55 کروڑ روپیوں کی ادائیگی میں مبینہ بے قاعدگیوں کی تحقیقات کررہا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے راما راؤ پر مقدمہ چلانے کی اجازت طلب کئے جانے کی تصدیق کی ہے، لیکن کہا ہے کہ یہ فیصلہ سیاسی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ اے سی بی انتظامی عمل کے حصہ کے تحت اجازت طلب کررہا ہے۔اعلیٰ عہدیدار اروند کمار نے جو اس وقت ایچ ایم ڈی اے کمشنر تھے مبینہ طور پر کہا ہے کہ راما راؤ نے رقم کی ادائیگی کو منظوری دی۔سابق حکومت نے تمام قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی۔ اس نے آر بی آئی سے اجازت مانگے بغیر رقم جاری کی اور یہ رقم اس وقت ادا کی گئی جب انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ تھا۔ایچ ایم ڈی اے کے بورڈ آف ڈائرکٹرس اور ریاستی محکمہ فینانس کو نظر انداز کرتے ہوئے مبینہ طور پر ایچ ایم ڈی اے کے وسائل سے 55 کروڑ روپے فارمولہ ای ریس کے انعقاد کے لئے جاری کئے گئے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ سرکاری ملازمتوں پر تقررات کے لئے ریکروٹمنٹ کے قواعد وضوابط درمیان میں تبدیل نہیں کیا جاسکتے بشرطیکہ اس کی وضاحت پہلے سے کی گئی ہو۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی زیر قیادت پانچ ججوں کی بنچ نے فیصلہ سنایا کہ بھرتی کے عمل کے لئے ایک مرتبہ قواعد وضوابط بنائے جانے کے بعد درمیان میں انہیں بدلا نہیں جاسکتا۔بنچ نے یہ بھی کہا کہ سلیکشن کے قواعد وضوابط من مانی نہیں ہوسکتے اور یہ دستور کی دفعہ 14 مطابق ہونے چاہئے۔ سپریم کورٹ نے متفقہ طور پر کہا کہ سرکاری ملازمتوں پر تقرر کے عمل میں شفافیت ہونی چاہئے اور یہ عمل امتیازی سلوک سے پاک ہونا چاہئے۔

☆☆☆

مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے آج اعلان کیا ہے کہ حکومت دہشت گردی اور دہشت گرد ایکو سسٹم سے مقابلہ کے لئے جلد ہی قومی انسدادِ دہشت گردی پالیسی اور حکمتِ عملی تیار کرے گی۔ دہلی میں آج نیشنل انوسٹی گیشن ایجنسی کی جانب سے منعقدہ دو روزہ مخالف دہشت گردی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے دہشت گردی کے خلاف سخت موقف اختیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کو قطعی برداشت نہ کرنے وزیراعظم مودی کے اعلان کا دنیا بھر میں خیر مقدم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران دہشت گردی سے مقابلہ کے لئے ملک میں ایک مضبوط ماحول تیار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 2006ء سے 2013ء کے مقابلہ 2014ء سے 2021ء تک دہشت گرد واقعات میں 70 فیصد کی کمی آئی ہے۔

☆☆☆

نیتی آیوگ کے سی ای او، بی وی آر سبرامنیم نے کہا ہے کہ ملک کی مجموعی برآمداد میں مائیکرو، اسمارٹ، میڈیم کمپنیوں کا تقریباً 40 فیصد حصہ ہے۔ دہلی میں آج ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم ایس ایم ایز کو مختلف چیالنجوں کا سامنا ہے، جن میں سرمائے، قواعد وضوابط اور تکنالوجی سے متعلق چیالنج شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان چیالنجوں سے نمٹنے کے لئے نیتی آیوگ الکٹرانکس اور آٹو موبائل پرزوں کے لئے ایک ایکو سسٹم تیار کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ ملک کی معاشی تبدیلی کے بارے میں انہوں نے کہا کہ انفرااسٹرکچر اور مالیاتی اخراجات کے شعبوں میں سرمایہ کاری نے ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کیا ہے۔

☆☆☆

کینسر کے بارے میں بیداری کے لئے آج قومی دن منایا جارہا ہے۔ کینسر کی روکتھام، جلد تشخیص اور علاج کے بارے میں آج کے دن بیداری پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ آج کا دن پولینڈ اور فرانس کی ماہر معالج ماری کیوری کا یوم پیدائش بھی ہے۔ انہوں نے ریڈیم اور پلونیم کی دریافت کی جو کینسر کے علاج میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ آج کے دن عوام کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ میونسپل کلینک، سرکاری دواخانوں اور سنٹرل گورنمنٹ ہیلتھ اسکیم کے اداروں میں مفت اسکریننگ سے استفادہ کریں۔ آج کے دن عوام کو کینسر، علاج اور جان بچانے کے لئے فوری مداخلت کی اہمیت سے واقف کروایا جاتا ہے۔ سکندرآباد میں این سی سی کے ٹوٹی بٹالین نے سریندھی ایجوکیشنل گروپ کے تعلق سے ایک پروگرام منعقد کیا جس میں عوام کو کینسر سے جڑے خطرات سے واقف کروایا گیا اور صحتمندانہ طرزِ زندگی اختیار کرنے کے لئے انہیں راغب کیا گیا۔ اس پروگرام میں کنٹونمنٹ کے رکن اسمبلی سری گنیش نے شرکت کی۔ انہوں نے کینسر کی روک تھام کے لئے نقصاندہ عادتوں سے گریز کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے شرکاء سے کہا کہ وہ صحتمند طرزِ زندگی بنائے۔ انہوں نے کینسر سے مقابلہ کے لئے اس کے انسداد اور بیداری کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆☆☆

نیشنل لوک عدالت میں تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھاریٹی نے اول مقام حاصل کیا ہے۔ اس نے رکاوٹ کے بارے میں مقدمات کا تصفیہ کیا اور متاثرین کو معاوضہ فراہم کیا۔ نیشنل لیگل سرویس ڈے 9 نومبر کو منایا جاتا ہے۔ دوسری اور تیسری قومی لوک عدالتوں میں مقدمات کے تصفیہ کے اعتبار سے تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھاریٹی نے ملک بھر میں اول مقام حاصل کیا۔ متاثرین کو معاوضہ کی ادائیگی کے معاملہ میں بھی اس کا مقام پہلا رہا۔

☆☆☆

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل نشستوں کے الاٹمنٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں سابق وزیر ملا ریڈی کو نوٹس جاری کی ہے۔ پی جی میڈیکل نشستوں کی مبینہ فروخت کی تحقیقات کے حصہ کے طور پر یہ نوٹس جاری کی گئی۔ جون میں ای ڈی نے ملا ریڈی کے 12 خانگی میڈیکل کالجوں پر چھاپے مارے تھے اور اہم دستاویزات، پن ڈرائیو اور ہارڈ ڈسک اور دیگر الکٹرانک ثبوت ضبط کئے تھے۔ ای ڈی کو شبہ ہے کہ ملا ریڈی اور دوسرے پی جی میڈیکل نشستوں کی مبینہ غیر قانونی فروخت میں ملوث ہیں۔ ملا ریڈی اور دوسرے نشستوں کے الاٹمنٹ میں الٹ پھیر اور مختلف قوانین کی خلاف ورزی میں بھی مبینہ طور پر ملوث ہے۔ ای ڈی نے ایک اطلاع کی بنیاد پر چھاپے مارے تھے اور عہدیداروں کا دعویٰ ہے کہ اسے کافی ثبوت ملا ہے۔

☆☆☆

ریاستی چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے حیدرآباد میں ووٹر لسٹ پر خصوصی نظر ثانی کے لئے 2025ء میں چلائی جانے والی مہم کے سلسلہ میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں فہرست رائے دہندگان کی موجودہ حیثیت اور آئندہ انتخابات سے قبل اس کی تصحیح کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات پر غور کیا گیا۔ سی ای او نے اجلاس میں شریک قائدین سے کہا کہ اینٹی گریٹیڈ ڈرافٹ الیکٹورل رول 29 اکتوبر 2024ء کو شائع کی گئی اور اس میں 28 نومبر 2024ء تک تصحیح کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں سے کہا کہ وہ ووٹر لسٹ میں بہتری کے لئے تجاویز پیش کریں۔ کانگریس، بی جے پی، بی آر ایس، ایم آئی ایم، ٹی ڈی پی، عام آدمی پارٹی، بہوجن سماج پارٹی اور سی پی آئی ایم کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی۔

☆☆☆

مولانا آزاد قومی اردو یونیورسٹی نے ممتاز مجاہد آزادی اور ملک کے پہلے وزیر داخلہ مولانا ابوالکلام آزاد کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لئے آج پانچ روزہ تقاریب کا آغاز کیا۔ فلک نما میں واقع ماڈل اسکول میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے صدارت کی۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ درمیان میں اپنی تعلیم ترک نہ کریں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ گزشتہ سال بی اے ایوننگ کالج اب صرف مانو ماڈل اسکول کے طلبہ کے لئے محفوظ کردیا جائے گا۔